عبرانیوں 12:4-7,11-15 زبور: 102

مقدس مرقس 6:1-6

**"اُور اس نے اُن کی بے اعتقادی پر تعجب کیا"۔ مقدس مرقس 6:6**

خداوند یسوعؔ مسیح ناصرت میں واپس آیا جہاں اس نے پرورش پائی تھی۔ اب وہ صرف مریم اور یوسف ترکھان کا بیٹا نہیں رہا بلکہ دریائے اردن میں خود خدا نے اسے اپنا پیارا بیٹا ہونے کا اعلان کیا۔ اس کی تمام تر خوشی میں اس کے دوست اور خاندان کے لوگ اسے اس حیثیت میں قبول کرنے کو تیار نہیں اور وہ اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ لیکن وہ ان کے لئے بھی ایک حقیقی اُستاد ہے۔ صرف وہی جو سچائی کے راستے پر خدا کی طرف لے جاتا ہے۔





## یسوع مسیح کا ہیکل میں نذر کیا جانا

ملاکی 3:1-4 یا عبرانیوں 2:14-18

زبور:23 مقدس لوقا 2:22-40

**"میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے"۔ مقدس لوقا 2:30**

شمعون اپنا تجربہ بیان کرتا ہے۔ اُس کی آنکھوں نے خدا کی کرامت دیکھی ہے۔ ایک بچہ جو سب کی نجات ہے۔ میرے لئے نجات بن کر آیا ہے۔ جب میں نے باطنی طور پر انجیلی کلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی تحریک محسوس کی تو اس وقت میں نے دِل کی گہرائی سے خوشی حاصل کی جو آج بھی موجود ہے۔

## مقدس بیلز مقدس انسغار

**عبرانیوں 13:1-8** — **زبور:26**

**مقدس مرقس 6:14-29**

### "برادرانہ محبت قائم رہے" عبرانیوں 13:1

عبرانیوں کے خط میں خداوند کا کلام ہمیں یقین دلاتا ہے کہ جو یسوع پر ایمان رکھتا ہے اور اسے اپنی زندگی کا مرکز ومحور بنالیتا ہے وہ ابھی سے آسمانی یروشلیم میں رہتا ہے اور خداوند اسے اپنے خاندان کا فرد سمجھتا ہے۔ اس لئے ہمیں برادرانہ محبت میں قائم رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ کیونکہ برادرانہ محبت میں صبر اور ایک دوسرے کی عزت و احترام کرتے ہوئے یسوع خود ہمارے درمیان رہتا ہے۔





**عبرانیوں 13:15-17,20-21** — **زبور:22**

**مقدس مرقس 6:30-34**

### "رسولوں نے جو کچھ کیا اور سکھایا تھا اُسے بیان کیا" ۔ مقدس مرقس 6:30

یہ کیسا خوبصورت فضل ہے کہ رسولوں نے جو کچھ کیا اَور لوگوں کو سکھایا۔ یسوع کو سب بیان کیا اسی طرح وہ بھی خوبصورت ہے جب ہم کلیسیاء کے رہبروں کے ساتھ ملاپ کرتے ہیں جو ہمیں سکھاتے اَور رہنمائی کرتے ہیں۔ جو کہ غلطیوں اور برگشتہ ہونے سے بچاتے اور خدا اور پڑوسی کی عزت میں جینا سیکھاتے ہیں۔ اے روحِ اقدس تو ہی ہمیں حلیمی عطا کرتا اور ہماری رہبری کرتا ہے۔

## مقدسہ اگاتھا

اشعیاہ 10-7:58 — زبور :111

1 قرنتیوں 5-1:2 — مقدس متی 16-13:5

### ''جو شہر پہاڑ پر بسا چھپ نہیں سکتا'' مقدس متی 14:5

اے یسوع تو جب ہم میں اور اِس میں رہتا ہے تو بہت سے دوسرے لوگوں کے لئے بھی سمت متعین کرتا ہے۔ ان سب کے لئے جو تجھے دیکھتے ہیں۔ تو خود کو دکھانے کے لئے نہیں کرتا لیکن جو نور تجھ سے منعکس ہوتا ہے وہ دوسروں کو تیری طرف کھینچ لاتا ہے۔





## مقدس پال مِکی اور ساتھی شہید

تکوین 19-1:1 — زبور: 103

1 قرنتھیوں 5-1:2 — مقدس مرقس 56-53:6

### ''جو اُسے چھوتا نجات پاتا'' ۔مقدس مرقس 56:6

یسوع پر ایمان کے ذریعے ہم روحانی اور جسمانی بیماریوں سے رہائی پاتے ہیں۔

اے یسوع تیرا شکریہ۔ ایک دن میں تیری اقدس قربانی میں شامل ہوا اور تیری زندگی کی روٹی پورے بھروسے کے ساتھ حاصل کی۔ میں بخار اور گلے کی درد سے جو لگاتار ہوتا تھا۔ اس سے رہائی پائی۔

تکوین 4:2-20:1 زبور:8

مقدس مرقس 13-1:7

## "یوں تم اپنی روایات کو جاری رکھتے ہوئے خدا کے کلام کو باطل کر دیتے ہو"۔ مقدس مرقس 7 : 13

اپنی خواہشات کے مطابق خدا بنا لینا کتنا آسان ہے جو کہ ہماری خود غرضیوں اور منطق کے مطابق ہو۔ اِس خطرے کو ہم خداوند کے کلام سے وفادار رہ کر خود سے دُور رکھ سکتے ہیں۔ جو یسوع میں مکمل طور پر ظاہر کیا گیا ہے اور اس سے ہماری اصلاح ہوتی ہے۔ جو کہ کلیسیاء میں زندہ و تابندہ ہے۔





مقدس جیروم ایملیانی، مقدسہ یوسفین بکیتا

تکوین 17-15,9-4:2 زبور:103

مقدس مرقس 23-14: 7

## "کیا تم بھی ایسے بے سمجھ ہو"؟ مقدس مرقس 18:7

خداوند یسوع مسیح ناپاک غذاؤں کا ذکر کرتا ہے۔فریسی دُعا میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ درحقیقت اس کے لئے تمام غذائیں خداوند کا تحفہ ہیں اور دل کو غلیظ نہیں کرتیں۔ کیونکہ جائے حاجت کے ذریعے باہر نکل جاتی ہیں۔ لیکن غلط خیالات، حرامکاریاں، چوری، زناکاری، قتل، دھوکا دہی، دشمنی، یہ سب انسان کے دل کو برباد کرتی ہیں۔ یہ گناہ بھائیوں کو نقصان پہنچانے اور سب کے خداوند کو ناراض کرتی ہیں۔

تکوین 25-18:2    زبور: 127

## مقدس مرقس 7 :24-30

## ''مگر پوشیدہ نہ رہ سکا''۔مقدس مرقس 24:7

خداوند یسوع مسیح اُن جگہوں اورو اقعات کا متلاشی رہا تا کہ اپنے شاگردوں کی تربیت کر سکے۔ جہاں کوئی اسے پریشان نہ کر سکے۔لیکن سب سے جان پہچان کی وجہ سے جووہ چاہتا تھا اسے پورا نہ کر سکا۔

ایک عورت جس کی بیٹی بدروح سے ستائی جاتی تھی۔اس نے یسوع کو ڈھونڈا اور بڑی حلیمی کے ساتھ اسے مجبور کیا کہ وہ اس کی مدد کرے۔ہم بھی کہیں تنہائی ڈھونڈیں تا کہ اس کے ساتھ متحد رہیں۔اب وہ زندہ ہو گیا ہے اور ہماری مدد کو ہمیشہ تیار رہتاہے۔





## مقدسہ سکولاسیٹکا کنواری

تکوین 8-1:3    زبور: 31

## مقدس مرقس 7 :31-37

## ''اسے ایک طرف لے گیا''۔مقدس مرقس 33:7

خداوند یسوع مسیح ایک گونگے،بہرے سے مخاطب ہوتا ہے۔جسے اس کے دوست اِس کے پاس لائے۔وہ اسرائیل میں نبی ہونے کی حیثیت سے اس کی مشہوری جانتے تھے۔اس نے اپنی انگلی کانوں میں ڈالی اورلعاب لگا کراس کی زبان کو چھوا۔اپنے آسمانی باپ کی طرف آنکھیں اُٹھائیں اور یہ کہتے ہوئے روح القدس پھونکا''کھل جا''

اے یسوع تیرا شکریہ! میرے لئے بپتسمہ کے وقت یہ سب کچھ کیا گیا تا کہ میں محبت سے سن سکوں اور خوشی سے تیرا کلام دوسروں تک پہنچا سکوں۔

## لوردس کی مقدسہ مریم

تکوین 3:9-24 زبور: 89

مقدس مرقس 8:1-10

**''اور ان کے پاس تھوڑی سی چھوٹی مچھلیاں بھی تھیں انہیں بھی تقسیم کروایا''۔ مقدس مرقس 8 : 7**

چھوٹی مچھلیوں کی طرح ہماری غریب و مسکین زندگی بھی خداوند یسوع مسیح کے سپرد کر دی جائے تو یہ بہت سے لوگوں کے کام آسکتی ہے۔ خدا کے سپرد کی گئی میری زندگی نے دوسروں کے ساتھ مل کر بہت سے لوگوں کی مدد کی۔ شکریہ اے خداوند یسوع مسیح تیری رحمت کے نا ختم ہونے والے چشمے کے لئے اور تیرا بھی شکریہ اے بے داغ مقدسہ مریم تو نے ایک غریب بیمار کنواری لڑکی کو چُن لیا جس کے ذریعے سے تو نے بے شمار لوگوں میں فضائل تقسیم کئے۔





یشوع بن سیراخ 15:15-20 زبور:118

1 قرنتیوں 2:6-10 مقدس متی 5:17-37

**''اگر تمہاری راستی فقیہوں اور فریسیوں کی راستی سے زیادہ نہ ہو تو تم خدا کی بادشاہی میں داخل نہ ہوگے''۔ مقدس متی 5:20**

آج اتوار ہے اور ہم یسوع کے جی اُٹھنے کی عید مناتے ہیں اور گھنٹیوں کا بجنا بھی اس عید کی یاد دلاتی ہیں۔

میں اپنا سب سے خوبصورت لباس پہن کر یسوع تیری طرف بھاگ رہا ہوں۔ جو کہ اپنا کلام بخشنے، اپنا بدن دینے اور بھائیوں کے ساتھ متحد ہونے کے لئے بلا رہا ہے۔ شکریہ کہ تو اپنے ساتھ میرا ذاتی تعلق قائم کر کے اپنی بادشاہی میں داخل ہونے کے لئے زندگی بسر کرنے کی دعوت دے رہا ہے۔

تکوین 1:4-15,25 زبور: 49

مقدس مرقس 8:11-13

**''اُور وہ یسوع کے ساتھ بحث کرنے لگے''۔ مقدس مرقس 8:11**

اَے یسوع میرے مسکین دل کو کھول تا کہ یہ تجھے ''خدا ہمارے ساتھ'' کے طور پر پہچان سکے۔ وہ ہمیں پیار کرتا اور ہمیشہ ہماری بھلائی چاہتا ہے۔ تا کہ میں ان سب کے ساتھ مل کر جو تجھے پیار کرتے اور قبول کرتے ہیں خوشی وجلال دے سکوں ہمیشہ تیرا شکر گزار تے ہوئے زندگی بسر کر سکوں اور کبھی بھی تجھ پر فتویٰ لگانے اور تنقید کرنے کی بدروح کو قبول نہ کروں۔





## مقدس سرل اور میتھوڈیوس آبائے یورپ

رسولوں کے اعمال 13:46-49 زبور: 116

مقدس لوقا 10:1-9

**''اُور خداوند کا کلام اس تمام علاقے میں پھیل گیا''۔ رسولوں کے اعمال 13:49**

مقدس سرل اور میتھوڈیوس دونوں بھائیوں نے خداوند کا کلام پھیلانے کے لئے اپنی زندگی وقف کر دی۔ انہوں نے سلاوی قوموں کے درمیان پرچار کیا اور بائیبل مقدس کا ترجمہ اُن کی زبان میں کیا۔ یہ کتنا بڑا اور انمول مشن ہے کہ باپ کے کلام کو ان لوگوں کے کانوں اور آنکھوں تک پہنچایا۔ جس نے اسے کبھی نہیں سُنا اور خداوند یسوع مسیح کو ان سے متعارف کروایا۔ جن تک وہ پہنچا ہی نہیں اور ملا ہی نہیں۔

## تکوین 8:6-13,20-22    زبور:115

## مقدس مرقس 8:22-26

### ''وہ اچھا ہو گیا اور سب کچھ صاف صاف دیکھنے لگا''۔ مقدس مرقس 8:25

خداوند یسوع مسیح نے تھوڑی ہی دیر پہلے روٹی اور مچھلیوں کا معجزہ پانچ ہزار کو سیر کر کے نشان دیا تھا۔لیکن آدمیوں کا بیشتر حصہ ابھی تک اِسے مسیحا ماننے کو تیار نہیں تھا۔اندھے کی آنکھیں کھول کر وہ ان کو ایک نیا نشان دینا چاہتا تھا۔تاکہ ان لوگوں کی آنکھیں کھول سکے تاکہ وہ دیکھ سکیں کہ جو کچھ ہو رہا ہے۔وہ پیشنگوئیوں کا پورا ہونا ہے۔تاکہ ہر کوئی خود جان لے اور کسی دوسرے کے سکھانے کی ضرورت محسوس نہ کرے۔





## تکوین 19:1-13    زبور:101

## مقدس مرقس 8:27-33

### ''تو المسیح ہے''۔مقدس مرقس 8:29

خداوند یسوع مسیح آج ہم سب سے بھی یہی سوال کرتا ہے۔تم مجھے کیا کہتے ہو؟ اے روحِ اقدس تُو جو بپتسمہ کے وقت سے مجھ میں بسا ہوا ہے یسوع کو جواب دینے میں میری مدد کر۔تیرا شکر ہے کہ تُو مجھے وثوق سے کہنے میں میری مدد کرتا ہے۔کہ اے یسوع تو ہی واحد نجات دہندہ ہے۔جو ہمیں باپ کے پاس لے جاتا ہے اَور ہمیں خوشی اور امن سے بھر دیتا ہے۔

## آرڈر آف سروسز کے ساتھ بانی

تکوین 11:1-9 زبور:32

مقدس مرقس 1:9,34:8

**’’خداوند نے انہیں اُس جگہ سے تمام زمین پر پراگندہ کیا۔تکوین‘‘ 11:8**

بابل میں لوگ ایک شہر تعمیر کرنے میں کامیاب ہو گئے جو بے حد خوبصورت تھا کہ کبھی کوئی اس سے بہتر نہ بنایا گیا۔ یہ ایک عالمی مذہب کی علامت کے طور پر تعمیر کیا گیا۔ جو آسمان کے خلاف سر اُٹھانے کے مترادف تھا۔یعنی خدا کی مخالفت میں جس کو خدا نے اپنی بے بہا رحمت میں ان کو بکھیر دیا۔

اے باپ تیرا شکر یہ کہ تو یہ ہونے نہیں دیتا کہ ہم دھات کو خدا مانتے ہوئے ایک دوسرے کے غلام بن جائیں ۔تو اپنے بچوں کی بھلائی کے لئے ان کی زندگی میں دخل اندازی کرتا ہے۔





عبرانیوں 11:1-7 زبور: 144

مقدس مرقس 9:2-13

**’’وہ اُن کو اُونچے پہاڑ پر لے گیا‘‘ مقدس مرقس 9:2**

ایک اونچے پہاڑ پر خاموشی ہوتی ہے اور انسان خدا کو اپنے قریب محسوس کرتا ہے۔ بہت سے لوگوں کے لئے یہ عام سا تجربہ ہے۔ خداوند یسوع مسیح خود کئی دفعہ ہمیں خاموشی میں ایک طرف لے جاتا ہے تا کہ اس کے باپ کے سننے کے لئے اس کے ساتھ رہ سکیں۔ پہاڑ پر تین شاگردوں نے وہ دیکھا اور سنا جو آج تک کبھی کسی نے نہیں دیکھا اور نہ سُنا۔لیکن دوسروں کو بتانے سے پہلے ان کو انتظار کرنا پڑا۔کئی دفعہ یسوع مجھے بھی لمبے عرصے کے لئے خاموشی کی دعوت دیتا ہے۔

**تثنیہ شرع 19:1-2,17-18** **زبور:102**

**1 قرنتیوں 3:16-23** **مقدس متی 5:38-48**

**''تم کامل ہو جیسا تمہارا آسمانی باپ کامل ہے''۔مقدس متی 5:48**

یسوع ہمیں دشمنوں کو پیار کرنے کی تاکید کرتا ہے۔اس کے باپ کے لئے دشمن ایسے پڑوسی ہیں جنہیں پیار کرنا چاہیے۔اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ جس نے ظاہر کیا کہ باپ صرف محبت ہے۔شکریہ تیرے اور تیرے باپ کی محبت کی کاملیت کیلئے جو نیکوں اور بدوں پر برابر کی بارش کرتا ہے۔تیرا شکریہ کہ تُو ہمیں بھی بے لوث محبت کرنے کے قابل بناتا ہے۔تاکہ تیری خوبصورتی عیاں ہو سکے۔





**یشوع بن سیراخ 1:1-10** **زبور:92**

**مقدس مرقس 9:14-29**

**''میں ایمان رکھتا ہوں۔تُو میری بے اعتقادی میں میری مدد کر''۔**

**مقدس مرقس 9:24**

اَے خداوند یسوع مسیح مجھے معاف کر کیونکہ میں ہر روز بے اعتقاد ہوتا ہوں۔اپنی مشکلات میں مَیں مکمل طور پر تجھ پر اعتماد نہیں رکھتا۔لیکن تو میری بے اعتقادی میں میری مدد کرتا کہ مَیں پھر تیرا اجلال ظاہر کرسکوں۔

## دامیان کا مقدس پطرس

یشوع بن سیراخ 2:1-11 (1-13)　　زبور: 36

مقدس مرقس 9:30-37

**'' جو میرے نام پر ایسے بچوں میں سے ایک کو قبول کرتا ہے ۔ مجھے قبول کرتا ہے'' مقدس مرقس 9 : 36**

خداوند یسوع مسیح بچوں کی تعریف کرتا ہے۔ وہ حلیم جو اپنے منصوبوں پر قائم نہیں رہتے وہی ہیں جو اس سے مشابہت رکھتے ہیں۔ وہ ایسوں کو اپنے رسولوں کے سامنے مثال کے طور پر رکھتا ہے جن کو محبت سے قبول کرنا چاہیے۔ ان میں وہ خود کو بھی قبول کرنے اور محبت کئے جانے کو محسوس کرتا ہے۔ اَے روح القدس آ اور حقیقی حلیمی کی طرف ہماری رہنمائی کر۔





گلاطیوں 2:12-18　　زبور 50

2۔قرنتیوں 5:20-6:2　　مقدس متی 6:1-6,16-18

**'' پس جب تو خیرات کرے تو اپنے سامنے ٹُرہی مت بجوا'' مقدس متی 6:2**

آج ہم روزوں کے موسم کا آغاز کرتے ہیں جو تبدیل ہونے اور خداوند یسوع مسیح کی طرف واپس آنے کا وقت ہے۔ وہ ہمیں اچھے کاموں کی فہرست بتاتا ہے۔ جو ہمیں باپ کی محبت کے لئے شکرگزار رہنا سکھاتے ہیں۔ پہلا خیرات، یعنی بھائیوں کی ضروریات کی فکر کرنا چاہیے وہ گھر کے اندر ہوں یا باہر۔ اس کے مطابق زندگی دکھاوئے یا پھر دوسروں کی نظر میں خوبصورت ہونے کے لئے نہ گزاروں بلکہ باپ کے وہ بیٹے جو سب کے باپ کی محبت میں زندگی بسر کرتے ہیں۔

## مقدس پولیکارپ شہید

**تثنیہ شرح 30:15-20**     **زبور:1**

### مقدس لوقا 9:22-25

**''ضرور ہے کہ ابنِ انسان بہت دُکھ اُٹھائے'' مقدس لوقا 9:22**

خداوند یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو اپنی اذیت کے لئے تیار کرتا ہے۔ صلیب خود ان کی اپنی زندگی اور پوری کلیسیاء کی زندگی میں بھی موجود ہوگی۔ معصوم اور عادل بے انصاف لوگوں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں۔ سزا جو ہمیں نجات دلاتی ہے اُس پر گری۔ اشعیا نبی یوں فرماتے ہیں۔ ''محبت کے اِس پہلو کے لئے خود کو پیش کریں۔''





**اشعیاہ 58:1-9**     **زبور 50**

### مقدس متی 9:14-15

**''اس سے مدد طلب کریگا تو وہ کہے گا۔ میں حاضر ہوں''۔ اشعیاہ 58:9**

اسرائیلی قوم سالوں سے معاشی، معاشرتی اور مذہبی مشکلات سے گزر رہی تھی۔ اگرچہ بہت سے لوگ روزہ و ریاضت کے ماحول میں زندگی بسر کر رہے تھے۔ ایسے لگتا ہے گویا خدا ایسے میں کوئی دخل نہیں دیتا۔ ہم مدد کے لئے اسے پکارتے ہیں۔ بغیر تھکے، انصاف کے کاموں میں مصروف رہیں۔ کیا وہ ہماری التجائیں سُنتے تھک جائیگا؟ ہرگز نہیں۔ آخر ایک دن آئے گا جب وہ کہے گا۔ میں حاضر ہوں اور ہم نجات پائیں گے۔

اشعیاہ 58:9-14     زبور: 85

مقدس لوقا 5:27-32

**''وہ سب کچھ چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لئے'' مقدس لوقا 5:28**

خداوند یسوع مسیح کا کلام اور اُس کی آواز خداوند کی محبت ہیں۔ فراخ دل اسے قبول کرنے میں خوش ہوں۔ اپنی زندگی کی تجدید کریں اور اس کی پیروی کے لئے خود کو پختہ ارادے سے پیش کریں۔

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ کہ تو میرے ساتھ بھی ہمکلام ہوا اور میری چھوٹی چھوٹی فرمانبرداریاں قبول کیں اَور یہ میرے لئے برکت کا باعث بنیں۔





تکوین 2:7-9;3:1-7     زبور: 50

رومیوں 5:12-19     مقدس متی 4:1-11

**''خداوند یسوع روح کی ہدایت سے بیابان میں لایا گیا''**
**مقدس متی 4:1**

خداوند یسوع مسیح کے لئے باپ کی طرف سے یہ اعلان کیا گیا کہ ''یہ میرا پیارا بیٹا ہے''۔ روح القدس اُس پر نازل ہوا۔ اُسے لیا، اُسے متحرک کیا اَور اُسے بیابان میں لے گیا جہاں تنہائی اور غربت میں اُس نے روزہ رکھا۔ وہی وہ صحیح مقام ہے جہاں باپ خود کو ظاہر کرتا ہے۔ یہیں خداوند یسوع اپنا کامل پیار ظاہر کرسکتا ہے۔

اے خداوند یسوع مسیح مَیں بھی ان روزوں کے دوران خود کو اسی طرح دکھانا چاہتا ہوں۔ تیری محبت حاصل کرنے اور دوسروں کو محبت دینے کے لئے۔

تثنیہ شرح 18-11:2-1:19 زبور:18

## مقدس متی 46-31:25

### ''اور تمام قومیں اُس کے حضور جمع کی جائیں گی''۔مقدس متی 32:25

خداوند یسوع مسیح اعلان کرتا ہے۔ کہ دُنیا کے آخر میں قیامت کیسے ہوگی۔ ہر قوم اور مذہب کے ہر انسان کی وہ عدالت اُس انسان کی دوسروں کے ساتھ رحم سے پیش آنے کی بنا پر کریگا۔ اس طرح میں بھی سیکھتا ہوں کہ اس عدالت میں مَیں بھی ان نیک انسانوں میں گنا جاؤں۔

اَے روحِ اقدس تو ہی ہمارے درمیان موجود ہے اور ہمیں ہدایت دیتا ہے کہ کس طرح انہیں پیار کریں جو مصیبت میں ہیں۔





اشعیاہ 11-10:55 زبور: 33

## مقدس متی 15-7:6

### ''ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے'' مقدس متی 13:6

بہت قیمتی الفاظ ہیں جن سے خداوند یسوع مسیح ہمیں دُعا کرنا سکھاتا ہے۔ اگر ہم پورے ایمان اور بھروسے سے آسمانی باپ سے کہیں گے تو اس کا پورا پھل حاصل کریں گے۔ وہ ہمیں ہمت دے گا تاکہ جو اس کے سامنے برائی ہے اس سے باز رہیں۔ اَے یسوع تیرا شکریہ کہ تو نے ہمیں الفاظ دیئے۔